# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 18 January-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۸/جنوری ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ سوامتو اسکیم کے تحت ای۔ پراپرٹی کارڈ کی تقسیم کا آج سے وزیرِ اعظم کے ہاتھوں آغاز۔

☆ ریاستی حکومت نے آرٹیفیشیل انٹیلیجنس یعنی مصنوعی ذہانت سے متعلق پالیسی تیار کرنے کیلئے ٹاسک فورس کی، کی تشکیل۔

☆ بیڑ معاملے میں کسی بھی مجرم کو بخشا نہیں جائے گا: وزیرِ اعلیٰ کا تیقن۔

☆ S.T. کارپوریشن کا ہر برس پانچ ہزار لال بسیں خریدنے کا فیصلہ۔

اور۔۔۔☆ صدرِ جمہوریہ دروپدی مُرمو کے ہاتھوں قومی کھیل انعامات کی تقسیم۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیرِ اعظم نریندر مودی آج سوامتو اسکیم کے تحت گاؤں کی سطح پر زمین کے مالکانہ حقوق کے بارے میں مکمل معلومات فراہم کرنے والے ای پراپرٹی کارڈس کی تقسیم کا آغاز کریں گے۔ اس پروگرام میں ملک بھر کی 10 ریاستوں اور دو مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں کے 50 ہزار سے زیادہ دیہاتوں کے 65 لاکھ ای پراپرٹی کارڈ وزیرِ اعظم کے ہاتھوں تقسیم کیے جائیں گے۔ اس پروگرام کو دیکھنے کی سہولت چھترپتی سمبھا جی نگر میں ضلع کلکٹر دفتر کے ساتھ ساتھ ہر تعلقہ ہیڈ کوارٹر پر صبح گیارہ بجے دستیاب کرائی گئی ہے۔ دیگر پسماندہ طبقات کی بہبود کے وزیر اتل ساوے نے شہریوں سے اس پروگرام میں شرکت کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ان کی حکومت آٹو موبائل صنعت کے شعبے میں گرین ٹکنالوجی کی تحقیقات کو ترجیح دے رہی ہے۔ وزیرِ اعظم کل نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں بھارت گلوبل موبیلٹی ایکسپو کے افتتاح کے موقع پر بول رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ موجودہ ایندھن پر انحصار کم کرنے کی خاطر گرین ایز جی اور الیکٹرک گاڑیوں پر زیادہ زور دیا جا رہا ہے۔ انھوں نے کہا:

*”آج ہم ایک ایسے موبلیٹی سسٹم کے نرمان میں جٹے ہیں جو اکانامی اور اکالوجی دونوں کو سپورٹ کرے۔ ایک ایسا سسٹم جو فاسل فیول کے ہمارے امپورٹ بل کو کم کرے۔ اس لیے آج گرین ٹکنالوجیس، ای ویز، ہائیڈروجن فیولس، بائیو فیولس ایسی ٹکنالوجی کے ڈیولپمنٹ پر ہمارا کافی فوکس ہے۔“*

***** ***** *****

ریاستی حکومت نے آرٹیفیشیل انٹلیجنس یعنی مصنوعی ذہانت سے متعلق پالیسی تیار کرنے کیلئے ٹاسک فورس کی تشکیل کی ہے۔ ریاست کے انفارمیشن ٹکنالوجی کے ڈائریکٹر اس کے چیئرمین ہوں گے۔ اس ٹاسک فورس کو اپنی سفارشات پیش کرنے کیلئے تین مہینوں کی مدت دی گئی ہے۔ مصنوعی ذہانت پر پالیسی سازی کرنے والی مہاراشٹر ملک کی پہلی ریاست بن گئی ہے۔ ریاست میں سائبر سیکوریٹی پالیسی کیلئے ایکشن کمیٹی کی تشکیل بھی کل کردی گئی۔ انفارمیشن ٹکنالوجی کے ریاستی وزیر آشیش شیلار نے یہ اطلاع دی۔ انھوں نے بتایا کہ اس ایکشن کمیٹی کے ذریعے ریاست کے آئی ٹی اور ڈیجیٹل بنیادی سہولیات کی حفاظت کی جائے گی۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے تیقن دیا ہے کہ بیڑ کے مسّا جوگ سرپنچ قتل معاملے میں کسی بھی مجرم کو بخشا نہیں جائے گا۔ وزیرِ اعلیٰ کل ناگپور میں صحیفہ نگاروں سے بات کررہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ تفتیش کے دوران کئی باتوں کو راز میں رکھا جاتا ہے‘ ہمیں چاہیے کہ ہم جانچ کرنے والے اداروں پر کسی بھی طرح کا دباؤ نہ ڈالیں اور انھیں کام کرنے دیں۔ وزیرِ اعلیٰ نے تیقن دیا کہ کسی بھی حال میں کسی بھی مجرم کو چھوڑا نہیں جائے گا۔ انھوں نے کہا کہ جانچ ایجنسی صحیح طریقے سے کام کررہی ہے۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے پونے - ناسک شاہراہ پر کل پیش آئے حادثے میں مرنے والوں کے اہلِ خانہ کو فی کس پانچ لاکھ روپئے مالی مدد دینے کا اعلان کیا ہے۔ کل صبح پیش آئے حادثے میں چار خواتین‘ چار مرد اور ایک پانچ سالہ لڑکی ہلاک ہوئے ہیں۔

***** ***** *****

اسٹیٹ ٹرانسپورٹ کارپوریشن (S.T) نے ہر برس پانچ ہزار سادہ لال پری بسیں خریدنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ٹرانسپورٹ کے ریاستی وزیر پرتاپ سرنائیک نے بتایا کہ اس کیلئے ایس ٹی کارپوریشن نے پانچ سالہ منصوبہ تیار کیا ہے۔ وزیرِ موصوف کل کارپوریشن کی جائزاتی میٹنگ سے خطاب کررہے تھے۔ اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ اب کسی بھی طرح سے بسیں لیز پر نہیں لی جائیں گی۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت کے محکمۂ خزانہ نے سرکاری دفاتر کو حکم دیا ہے کہ وہ رواں مالی سال میں 15 فروری کے بعد دواؤں کے علاوہ کسی بھی چیز کی خریداری کو منظوری نہ دیں۔ یہ حکمنامہ مالی سال کے اختتام پر منظور شدہ فنڈس کو ختم کرنے کیلئے کی جانے والی خریداریوں کو روکنے کیلئے جاری کیا گیا۔

***** ***** *****

پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس آئندہ 31 جنوری سے شروع ہوگا۔ اس کا آغاز صدرِ جمہوریہ دَروپدی مُرمو کے خطاب سے ہوگا۔ جس کے بعد اقتصادی سروے رپورٹ پیش کی جائے گی۔ مرکزی وزیرِ خزانہ نرملا سیتا رَمن یکم فروری کو بجٹ پیش کریں گی۔ بجٹ اجلاس کا پہلا سیشن آئندہ 13 فروری تک جاری رہے گا، جبکہ دوسرا سیشن آئندہ 10 مارچ سے 4 اپریل تک جاری رہے گا۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

وزیرِ اعظم نریندر مودی کل صبح گیارہ بجے آکاشوانی کے پروگرام ’’من کی بات‘‘ کے ذریعے قوم سے خطاب کریں گے۔ اس پروگرام کی یہ 118 ویں قسط ہوگی۔ رواں مہینے میں یہ پروگرام کل ہورہا ہے کیونکہ اس مہینے کے آخری اتوار کو یومِ جمہوریہ منایا جائے گا۔

***** ***** *****

صدرِ جمہوریہ دروپدی مُرمو کے ہاتھوں کل قومی کھیل انعامات کی تقسیم عمل میں آئی۔ شطرنج کے عالمی چمپئن ڈی گوکیش، ہاکی ٹیم کے کپتان ہرمن پریت سنگھ، پیراایتھلیٹ پروین کمار، نشانے باز منو بھاکر کو نئی دہلی میں منعقدہ ایک تقریب میں میجر دھیان چند کھیل رَتن انعام سے نوازا گیا۔ کھیلوں کے کوچز یعنی تربیت کاروں کو دیا جانے والا درونا چاریہ ایوارڈ نشانے بازی کی کوچ دیپالی دیشپانڈے سمیت پانچ افراد کو دیا گیا۔ نشانے باز سوپنیل کسالے اور پیرا ایتھلیٹ سچن کھلاری سمیت مہاراشٹر کے 32 کھلاڑیوں کو ارجن ایوارڈ سے نوازا گیا۔ سینئر کھلاری سُو چا سنگھ اور معذور تیراک مرلی کانت پیٹکر کو لائف ٹائم اچیومنٹ کے طور پر ارجن ایوارڈ دیا گیا۔

*”شری مرلی کانت راجا رام پیٹکر دیش کے سب سے اُتکرشٹ پیرا تیراکی کھلاڑیوں میں سے ایک ہے۔ انھوں نے 1972 میں پیرالمپکس میں سُورن پدک، 1970 میں راشٹر منڈل پیرافیزک کھیلوں میں سورن پدک حاصل کیا۔ شری مرلی کانت راجا رام پیٹکر کو پیرا تیراکی کھیلوں میں ان کی اُتکرشٹ اُپلبدھیوں کو مانیتا پردان کرتے ہوئے وَرش 2024 کیلئے جیون پر یَنت ارجن پُرسکار پردان کیا جاتا ہے۔“*

مہاراشٹر سے تعلق رکھنے والے سینئر کوہ پیما اُمیش جھرپے کو ایڈوینچر اسپورٹس کے میدان میں اُن کی کامیابیوں کیلئے صدرِ جمہوریہ نے ایوارڈ سے نوازا۔

***** ***** *****

بھارتی مردوں اور خواتین کی ٹیمیں کھوکھو عالمی کپ مقابلے کے سیمی فائنل میں داخل ہوگئی ہیں۔ کل کھیلے گئے کوارٹر فائنل مقابلے میں بھارتی خواتین ٹیم نے بنگلہ دیش کو 16 کے مقابلے 109 پوائنٹس سے شکست دی۔ وہیں بھارتی مردوں کی کھوکھو ٹیم نے سری لنکا کو 40 کے مقابلے 100 پوائنٹس سے ہرایا۔

***** ***** *****

دھاراشیو تعلقے کے وڑگاؤں سدھیشور ضلع پریشد اسکول کی ٹیم نے ریاستی سطح کے اسکولوں کے تھرو بال مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ کولہاپور میں منعقدہ اس مقابلے کے فائنل میں وڑگاؤں ضلع پریشد اسکول کی ٹیم نے امراوتی کی ٹیم کو شکست دے دی۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میں کل سے شارنگ دیو فیسٹیول کا آغاز ہوا۔ ایم جی ایم کے احاطے میں واقع مہا گامی انسٹیٹیوٹ میں منعقدہ اس فیسٹیول میں کل پہلے دن صبح کے سیشن میں جیوتی ہیگڑے نے رُدر بین بجائی، جبکہ سدھی ونایک دشا او تارنا ٹیہ منڈل نے تجربے کے بارے میں معلومات فراہم کی، جبکہ شام میں اسی فن کو پیش کیا گیا۔ بنگلورو کے ڈاکٹر کرونا وجیند را اور ٹیم کی جانب سے پیش کیے گئے بادامی کے نٹیشور کی تراش پر مبنی رقص ’مہانٹ‘ کو حاضرین نے بہت پسند کیا۔ فیسٹیول کا یہ سولہواں برس ہے۔

***** ***** *****

ندیوں کے ماہر راجندر سنگھ رانا نے ندیوں کی حدود کو مدِ نظر رکھتے ہوئے خاکہ تیار کرنے کی ضرورت کا اظہار کیا ہے، تاکہ ندیوں کو ناجائز قبضہ جات سے پاک رکھا جاسکے۔ وہ کل ہنگولی ضلع کلکٹر دفتر میں منعقدہ ایک روزہ آبی کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔ انھوں نے بتایا کہ دریاؤں کے بہہ جانے والے پانی کو اگر روکا جائے تو اس سے سیلاب اور قحط سالی دونوں سے چھٹکارہ پایا جاسکتا ہے۔

***** ***** *****

گذشتہ روز بیڑ ضلع میں تین بھائیوں پر حملہ کیا گیا، جن میں سے دو کی موت ہوگئی، جبکہ ایک شدید زخمی ہوگیا۔ یہ واقعہ آشٹی تعلقے کے واہیرہ علاقے میں پیش آیا۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا کہ اس معاملے میں پولس نے چار مشتبہ افراد کو گرفتار کیا ہے۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ سوامتو اسکیم کے تحت ای۔ پراپرٹی کارڈ کی تقسیم کا آج سے وزیرِ اعظم کے ہاتھوں آغاز۔

☆ ریاستی حکومت نے آرٹیفیشیل انٹلیجنس یعنی مصنوعی ذہانت سے متعلق پالیسی تیار کرنے کیلیئے ٹاسک فورس کی تشکیل۔

☆ بیڑ معاملے میں کسی بھی مجرم کو بخشا نہیں جائے گا: وزیرِ اعلیٰ کا تیقن۔

☆ S.T. کارپوریشن کا ہر برس پانچ ہزار لال بسیں خریدنے کا فیصلہ۔

اور۔۔۔☆ صدرِ جمہوریہ دروپدی مُرمو کے ہاتھوں قومی کھیل انعامات کی تقسیم۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****